
# ناک کی سرجری

## مریضوں اور ان کے خاندان کے لیے معلومات



یہ کتابچہ ناک کی سرجری کے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد مریضوں کی جانب سے بار ہا پوچھے گئے سوالات کے جوابات فراہم کرنا ہے۔ یہ معلومات آپ کو اس کی طریقہء کار اور حفاظت کے بارے میں بہتر طور پر سمجھنے میں مدد فراہم کرے گی۔


آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance
Registered Office: Stadium Road, P.O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan

## ناک سے سانس لینا کیوں ضروری ہے؟

ناک سے سانس لینے کی اہمیت کونظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ ہوا ناک کے ذریعے جب پھیپھڑوں تک پہنچتی ہے تو مناسب طور پر گرم، نم اور صاف ہوچکی ہوتی ہے نظام تنفس کے مناسب طور پر کام کرنے کے لیے جسمانی طور پر صفائی اور چھاننے کا یہ عمل بے حد ضروری ہے۔ مستقل بنیادوں پر دن اور رات، موسم در موسم، ناک سے سانس لینے کا عمل جاری نہ رہے تو اس سے طبی مسائل سے کیفیات پیدا ہونے کے امکان بڑھنے کا خدشہ رہتا ہے۔ ناک کے ذریعے متواتر سانس لینے کا عمل صرف اسی وقت بہت سے افراد کے لیے مناسب رہتا ہے جب ان کی ناک کی درستگی کی کامیاب سرجری کردی جاتی ہے۔

## ناک کی سرجری کیوں کی جاتی ہے؟

- ناک کی سرجری اس کی خوبصورتی کے لئے کی جاتی ہے یا اس کی ساخت اور عمل دونوں کی بہتری کے لئے کی جاتی ہے۔
- اس کے علاوہ یہ ناک سے سانس لینے کے مسائل سے نجات یا افاقہ دیتی ہے، پیدائشی یا حادثاتی نقص کو صحیح کرتی ہے یا ناک کو سہارا دیتی اور بہنے سے روکنے میں مدد دیتی ہے۔

## ناک کے نقص کے عام وجوہات کون سی ہیں؟

- بڑھوتری کے نقائص
- ناک کی چوٹ۔
- ناک کی درمیانی ہڈی میں نقص۔
- مہلک الرجک سوزش۔
- نیسل پولی پوسس۔
- مہلک سائینس اور ٹانسلز۔
- نیسل ویلو کولیپس۔
- سرجری یا چوٹ کی وجہ سے ناک کا بیرونی نقص۔

## بند ناک کے آثار / نمود کیا ہیں؟

- ناک سے سانس لینے کے دوران مزاحمت۔
- ناک سے سانس نہ لینے کی وجہ سے سونگھنے کی صلاحیت میں کمی۔
- ناک کے اندرونی راستے میں خشکی کا بڑھ جانا جو بعدازاں ناک سے خون آنے (epistaxis) کا سبب بن جاتی ہے۔
- کھرنڈ، خراش اور عام جھلی کے تحول میں تبدیلی۔
- خراٹے اور آبسٹریکٹیو سلیپ اپنا اور نیند کی متعلقہ بے قاعدگیاں۔

## سرجری شروع ہونے سے پہلے داخلہ کے کتنے مراحل ہیں؟

- آپ کو ایک اکاموڈیشن ریکوسٹ فارم دیا جائے گا جس میں سرجری کی تاریخ اور دوسری معلومات ہوں گی اس بات کا دھیان رکھیں کہ ڈاکٹر کے پاس اکاموڈیشن ریکوسٹ فارم پر آپ کا صحیح ٹیلی فون نمبر پر ہو۔
- آپ کو پری اینستھیا کلینک ضرور جانا ہوگا۔ ماہر بے ہوشی آپ کی جنرل انستھیسیا کے لئے جانچ کرے گا۔ یہ بہت ضروری ہے تاکہ آپریشن میں تاخیر کے امکانات کم کیے جاسکیں۔
- ہسپتال کا اسٹاف سرجری سے ایک دن پہلے آپ سے ٹیلی فون پر رابطہ کرے گا اور سرجری کے لئے آنے کے وقت کی توثیق کرے گا۔ اگر آپ کسی وجہ سے کال موصول نہ کرسکیں تو برائے مہربانی سرجیکل ڈے کیئر پر فون نمبر 34866456 پر رابطہ کریں۔

## مجھے سرجری والے دن کیا کرنا ہے؟

- سرجری سے چھ گھنٹے پہلے کوئی غذا نہ لیں۔
- تمام تجویز کردہ ادویات (ہائپوگلیسمک اور اینٹی ہائپر ٹینسو وغیرہ) پانی کے گھونٹ سے لیں۔
- سرجری سے پہلے نہا کر آئیے۔
- تمام میڈیکل رپورٹیں، لیب ٹیسٹ، ایکسرے، ای سی جی اگر ہوں تو ساتھ لائیے۔
- کسی فرد کا بندوبست رکھیے جو آپ کے ٹیسٹ کے بعد گھر لے جائے۔
- تمام زیورات گھر پر چھوڑ کر آئیے۔
- سرجیکل ڈے کیئر وارڈ میں اندراج کروائیے۔

## سرجری کے بعد کیا ہوگا۔

- ایس ڈی سی میں اندراج کے بعد نرس آپ کو سرجری کے لئے تیار کرے گی۔
- آپ کو ہسپتال سے مہیا کردہ گاؤن پہنے اور مصنوعی دانت نکالنے کو کہا جائے گا۔
- نرس آپ کا درجہ حرارت، نبض، سانس اور بلڈ پریشر چیک کرے گی۔
- آپ کو ادویات کے متعلق معلومات فراہم کی جائیں گی جس سے آپ کو پُرسکون رہنے میں مدد ملے گی۔
- آپ کو آپریشن روم منتقل کر دیا جائے گا۔

## سرجری کے بعد کیا ہوگا؟

- جب آپ بے ہوشی کی حالت سے باہر آجائیں گے تو آپ کو آپریشن روم کے ری کوری روم میں منتقل کر دیا جائے گا، یہاں سے آپ کو سیدھا آپ کے دیئے گئے بیڈ پر لے جایا جائے گا۔ اس کے بارے میں آپ کے تیمارداروں کو پہلے ہی آگاہ کر دیا جائے گا۔

- اس دوران کچھ بے آرامی اور درد ہوگا۔ یہ ادویات سے ختم ہو جائے گا۔

## سرجری کے بعد میں کیا کر سکتا ہوں؟

- آج آرام کریں، کل سے اپنے عام معمولات شروع کریں۔

- اپنے سر کو تھوڑا اونچا کر کے سوئیے۔

- سرجری کے بعد چوبیس گھنٹوں تک کسی قسم کی سواری نہ چلائیے۔

- تین ہفتوں میں تیراکی نہ کیجئے۔

- آپ اپنے کام پر ایک سے دو ہفتوں بعد جا سکتے ہیں یہ آپ کے کام کی اہمیت پر ہے۔

## میری غذا کے متعلق

- آپ اپنی معمول کی غذا شروع کر سکتے ہیں
- غذا جو آپ استعمال کر رہے ہیں وہ بہت زیادہ ٹھنڈے اور گرم نہ ہوں۔

## میں اپنی سرجری کے بعد کیا توقع کر سکتا ہوں؟

- آپ کی ناک کچھ دنوں تک بہتی رہے گی یا ایسا نہیں بھی ہو سکتا۔
- البتہ آپ کی ناک کو پٹی کی ضرورت نہیں ہے مگر آپ ایسا کر سکتے ہیں۔
- آپ کی ناک کچھ دنوں تک بند اور بھری رہے گی۔
- تجویز کردہ ادویات استعمال کیجئے۔
- اگر آپ کی ناک کو نمک ملے پانی سے دھونے کی تجویز کی گئی ہے تو اسے روکیں نہیں جب تک آپ کا ڈاکٹر نہ کہے۔

## کیا مجھے گھر پر کوئی خاص ہدایات ہیں جن پر مجھے عمل کرنا ہے؟

- اگر آپ کو چھینکنا ہے تو اپنا منہ کھول کر قوت کو باہر نکلنے دیں۔
- اسپرین Asprin اور اسپرین Asprin سے بنی اشیاء کا استعمال نہ کریں۔
- اگر آپ روزانہ اسپرین Asprin استعمال کرتے ہیں دوبارہ شروع کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے پوچھ لیجئے۔
- دو ہفتوں تک ناک سنکنے سے گریز کریں اگر بہت زیادہ ضروری ہو تو نرمی سے سنکیے۔
- آپ کی ناک میں پلاسٹک پیش لگا ہوگا، آپ کو نکلوانے کے لئے ایک ہفتے بعد کلینک آنا پڑے گا۔

## میں کب ڈاکٹر سے رابطہ کروں؟

- ناک یا حلق سے زیادہ خون نکلنا یا اگر الٹی میں تیز لال خون کی زیادہ مقدار نکلے۔
- سر درد، آنکھوں کا لال ہونا، آنکھوں سے پانی نکلنا، منہ خشک ہونا یا ناک سے خون آنا۔

- درد جو کہ درد دور کرنے والی ادویات سے بھی کم نہ ہو۔

- 38.5ºC سینٹی گریڈ یا اس سے زیادہ درجہ حرارت۔

- متواتر چکر اور الٹیاں۔

## فالواپ

یہ بہت ہی ضروری ہے کہ آپ کلینک میں معائنہ کے لئے آئیں۔ اگر یہ ممکن نہ وہ یا اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہوں تو برائے مہربانی کال کیجئے:

**سرجیکل ڈے کیئر یونٹ:**

پیر سے جمعہ

صبح 8:00 سے شام 5:00 بجے تک

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

فون نمبر: 0051 3493 ایکسٹینشن: 6456

**ایمرجنسی روم**

24 گھنٹے

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

فون نمبر: 0051 3493 ایکسٹینشن: 2190-2191

ICN # S-216672 - July 2018